# وفادار نیولا

# وفادار نیولا


مصنّف : شنکر

مصوّر : جگدیش جوشی

ایک دن ایک آدمی اپنے بچّے کے کھیلنے
کے لیے ایک ننھّا سا نیولا گھر لایا۔
بچّہ بہت خوش ہوا۔
لیکن اُس کی ماں کو خوشی نہیں ہوئی۔
اُس کو ڈر تھا کہ کہیں نیولا اُس کے بچّے
کو کاٹ نہ لے۔



جیسے دن گزرتے گئے نیولا بڑا ہوتا گیا۔
بچّے کے ساتھ کھیلنے میں اُسے لُطف
ملتا تھا۔

ایک دن ماں کو بازار جانے کی ضرورت پیش آئی۔
اُس نے اپنے بچّے کو جھولے میں لٹا دیا اور
اپنے شوہر کو اُس کی دیکھ بھال کرنے کے لیے کہا۔





باپ جھولے کے پاس بیٹھ کر اُسے جھُلاتا رہا۔
بچّہ جلدی ہی سوگیا۔
نیولا جھولے کے پاس ہی فرش پر بیٹھا تھا۔
باپ اُٹھ کر باغ میں چلا گیا۔



کچھ عرصے کے بعد ماں واپس آگئی۔
اُس کے سر پر سبزیوں سے بھرا ہُوا ٹوکرا تھا۔
نیولا اُس کا انتظار کر رہا تھا۔
اُس کے منہ پر اِدھر اُدھر خون لگا ہوا تھا۔
یہ دیکھ کر اُسے صدمہ پہنچا کیوں کہ اُس نے سوچا
کہ نیولے نے اُس کے بچّے کو مار ڈالا ہوگا۔

اُس نے بھاری ٹوکرا نیولے
کے دے مارا جس سے
دب کر وہ مرگیا۔



عورت بھاگ کر مکان میں گئی۔
اُس نے بچّے کو مُسکراتا ہُوا پایا۔
بچّے نے اپنے بازو پھیلائے تاکہ اُس
کی ماں اُسے اُٹھا لے۔

جھولے کے نزدیک ایک مرا ہُوا سانپ پڑا تھا
نیولے نے بچّے کو بچانے کے لیے اُسے مار ڈالا تھا۔

پہلا انگریزی ایڈیشن : 1984

پہلا اُردو ایڈیشن : جنوری، مارچ 1985 تعداد اشاعت : 3000

دوسرا اردو ایڈیشن : جنوری، مارچ 1990 تعداد اشاعت : 5000

© چلڈرن بک ٹرسٹ، نئی دہلی

قیمت : 7.00 روپے

ناشر : ترقی اُردو بیورو، نئی دہلی

مطبع : اندرا پرستھا پریس، چلڈرن بک ٹرسٹ، نہرو ہاؤس، 4 بہادر شاہ ظفر مارگ، نئی دہلی